کارکنان کے معاوضے کی مد میں
فارمیسی کے فوائد کے حوالے سے نوٹیفکیشن

براہ کرم اس نوٹس کو دھیان سے پڑھیں۔ یہ آپ کو نیو یارک اسٹیٹ انشورنس فنڈ (NYSIF) کے ہمراہ کارکنان کے معاوضے کے دعوے کے تحت ادویات حاصل کرنے پر اہم معلومات فراہم کرتا ہے۔

NYSIF، فارمیسی کے فوائد مینیجر (PBM)، CVS کیئر مارک کے ساتھ ایک معاہدے میں شریک ہو گیا ہے، جس میں کارکنان کی **کام سے متعلق** چوٹ یا بیماری کے حوالے سے ان کو ممکنہ طور پر ملنے والی ادویات کو دستیاب بنانے کے لیے فارمیسیز کا نیٹ ورک موجود ہے۔ یہ آپ کے ایسی بیماری یا چوٹ کا علاج کرنے کی خاطر ضروری ادویہ لینے کے حق کو تبدیل نہیں کرتا ہے۔ اس سے مراد صرف ہے کہ آپ CVS کیئر مارک کی جانب سے تجویز کردہ CareComp فارمیسی نیٹ ورک میں موجود شراکتی فارمیسی سے یہ ادویہ **لازمی** حاصل کریں۔ یہ نیٹ ورک CVS فارمیسیز تک محدود نہیں ہے، بلکہ اس میں 67,000 سے زیادہ شراکتی فارمیسیز شامل ہیں۔ یہ فارمیسیز اور ان کے پتہ جات یہاں سے حاصل کیے جا سکتے ہیں:

- CVS کیئر مارک کال سینٹر کو **(866) 493-1640**، یا قوت سماعت سے محروم افراد TDD نمبر پر کال کر کے **(866) 200-2161**
- ویب سائٹ https://nysif.wcrxportal.com/Pharmacy/Index کا استعمال کر کے
- NYSIF کی ویب سائٹ nysif.com/networkbenefits کا استعمال کر کے

اگر آپ کارکنان کے معاوضے کے دعوے کے ذریعے اپنی ادویہ حاصل کرتے ہیں، تو آپ کو درج ذیل فارمیسیز میں سے ایک سے یہ ادویہ **لازمی** لینی ہیں ماسوائے کہ:

- آپ کو کوئی طبی ہنگامی حالت درپیش ہو اور اس ہنگامی حالت کے لیے درکار ادویات نیٹ ورک فارمیسی سے لینا معقول حد تک ممکن نہیں ہے، یا
- نیٹ ورک میں بذریعہ میل یا ٹیلی فون آرڈر کرنے کا اختیار نہ ہو، نیٹ ورک میں موجود کوئی فارمیسی آپ کو فراہم نہیں کرے گی، اور اگر آپ دیہی علاقے میں رہتے ہوں تو ان میں سے کوئی فارمیسز 15 میل کے اندر نہ ہوں یا اگر آپ دیہی علاقے میں نہیں رہتے تو پانچ میل تک موجود نہ ہو۔ اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ کو ایسی صورت درپیش ہے، تو براہ کرم صفحے کے ذیل میں موجود نمبرز میں سے ایک پر کال کریں۔

براہ کرم نوٹ کریں کہ CVS کیئر مارک میں میل آرڈر، انٹرنیٹ اور ٹیلی فون سروسز موجود ہیں۔ CVS کیئر مارک کال سینٹر کو 1640-493 (866) پر کال کر کے ہدایات لی جا سکتی ہیں۔

نیٹ ورک میں موجود تمام فارمیسیز سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ ادویہ کا کافی اسٹاک جمع رکھیں تاکہ آپ کو بغیر کسی تاخیر کے سروس فراہم کر سکیں۔

تمام ان اسٹور فارمیسیز کو آپ کی کمیونٹی میں معمول کے اوقات میں کاروبار کے لیے کھلا ہونا چاہیئے۔

CareComp فارمیسی نیٹ ورک میں موجود فارمیسیز NYSIF کو براہ راست بل بھیجیں گی۔ **آپ کو ادویہ کے لیے اضافی اخراجات ادا نہیں کرنے ہوں گے۔**

آپ CareComp فارمیسی نیٹ ورک کے بارے میں اضافی معلومات حاصل کرنے کے لیے، 24 گھنٹے دستیاب ٹول فری ٹیلی فون نمبر پر کال کر سکتے ہیں: 1640-493 (866)۔

اگر آپ کو کوئی سوالات یا مسائل درپیش ہیں، تو براہ کرم NYSIF کو 5790-875 (888) پر کال کریں۔ آپ نیو یارک اسٹیٹ ورکرز کمپنسیشن بورڈ سے general_information@wcb.ny.gov یا 4996-632 (877) پر، یا زخمی کارکنان کے وکیل سے 6665-580 (800) پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ آپ www.wcb.ny.gov پر جا کر مزید معلومات بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

پالیسی ہولڈر – براہ کرم واضح طور پر پوسٹ کریں